勞工處
Labour Department
(Urdu version)

# ملازمین کے لیے کوئی کمپنسیشن – انشورنس کا نہ ہونا ایک بڑی مشکل



# تمام آجران کو ملازمین کی کمپنسیشن انشورنس (Employees’ Compensation Insurance - ECI) حاصل کرنی چاہیے ورنہ وہ بڑی مشکل میں پھنس جائیں گے



تمام آجران

**بمطابق**
ہانگ کانگ قوانین

جب ملازمت دے رہے ہوں


**ECI تو انہیں**
حاصل کرنا ہو گی

کسی بھی ملازم کو

**بالاستثناء:**

- ملازمت کی نوعیت
- کُل وقتی یا جزو وقتی ملازمت
- مستقل یا عارضی حیثیت
- کام کے گھنٹوں کا دورانیہ
- ملازم کے ملازمتی معاہدے کا دورانیہ

**ملازم**




## مزید جانیے

ایمپلائز کمپنسیشن آرڈیننس (Employee' Compensation Ordinance - ECO) کے سیکشن 40 کے تحت، بمطابق باب 282 قوانین ہانگ کانگ، کوئی بھی آجر کسی ملازم کو کسی بھی ملازمت میں بھرتی نہیں کرے گا جب تک کہ، ملازمتی معاہدے یا کام کے گھنٹوں کے دورانیہ، کُل وقتی یا جز وقتی ملازمت، مستقل یا عارضی حیثیت سے قطع نظر، آجر کی ذمہ داریوں کا قوانین (بشمول عام قانون) کے تحت احاطہ کرنے کے لیے ECI کوئی پالیسی نافذ نہ کی جائے۔

# ECI کے کور کے حصول میں ناکامی ایک مجرمانہ فعل ہے جو کہ جرمانہ اور قید کی سزا کا مستوجب ہے

ایک آجر جو ملازم کے لیے ECI کا کور حاصل کرنے میں ناکام رہتا ہے وہ جرم کا ارتکاب کرتا ہے اور :



اب بھی ذمہ دار ہو گا کہ وہ ان **ملازمین کی کمپنسیشن کی ذمہ داریاں** قوانین کے مطابق اٹھائے جو کام کے دوران زخمی ہو جائیں یا مر جائیں یا تجویز کردہ پیشہ ورانہ بیماری میں مبتلا ہوں

ایمپلائیز کمپنسیشن اسسٹنس فنڈ بورڈ کو **سرچارج** ادا کرے گا

سزاوار ہے کہ اس پر **زیادہ سے زیادہ $100000 کا جرمانہ** اور **دو سال قید دی جائے**

## مزید جانیے

ایک آجر جو ECI کور کے حصول کے لیے ECO کی پابندیوں کی تعمیل میں ناکام رہتا ہے :

- قانونی کاروائی کا مستوجب ہے اور، جرم ثابت ہونے پر، اس پر $100000 کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے اور دو سال قید کی سزا دی جا سکتی ہے
- ایمپلائز کمپنسیشن اسسٹنس فنڈ بورڈ کو ایمپلائز کمپنسیشن اسسٹنس آرڈیننس کے سیکشن 36A کے تحت، بمطابق باب 365 قوانین ہانگ کانگ سرچارج ادا کرنے کا ذمہ دار ہے؛ اور
- اب بھی ذمہ دار ہے کہ اگر اس کے ملازم کو ملازمت کے دوران کسی حادثے میں چوٹ لگے یا وہ مر جائے یا ECO کے تحت تجویز کردہ پیشہ ورانہ بیماری میں مبتلا ہو تو وہ اس کی کمپنسیشن کی ذمہ داریوں کو قوانین کے تحت (بشمول عام قانون)برداشت کرے۔

# کوئی بھی غلط انشورنس پالیسی استعمال نہ کریں   یہ ایک سنگین غیر قانونی مجرمانہ فعل ہے


## درج ذیل افعال سنگین غیر قانونی تقصیرات ہیں جن پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے :

ایک سے زیادہ انشورنس پالیسیوں کو غلط ثابت کرنے کے لیے ایک انشورنس پالیسی کو دوبارہ پیش کر کے یہ ڈھونگ رچانا کہ ECI ملازمین کا احاطہ کیے ہوئے ہے

کسی دیگر فرد کی انشورنس پالیسی چوری کرنا یا غلط استعمال کرنا

انشورنس پالیسی کے مندرجات میں غیر قانونی طور پر ترمیم کرنا

غلط انشورنس پالیسی یا دستاویز بنانا



### مزید جانیے

ملازمین کو دھوکا دینے اور ECI دلوانے کی ذمہ داری سے فرار پانے کا ارادہ کرنا درج ذیل آرڈیننسوں کی خلاف ورزی کا سبب بن سکتا ہے :

(i) کرائمز آرڈیننس (باب 200):

- جعل سازی
- غلط دستاویز کی ملکیت یا استعمال

(جعل سازی، غلط دستاویز کی ملکیت یا غلط دستاویز کے استعمال کی سزا 14 زیادہ سے زیادہ سال قید ہے)

(ii) تھیفٹ آرڈیننس (باب 210):

- دھوکہ دہی

(دھوکہ دہی کے جرم کی زیادہ سے زیادہ سزا 14 سال قید ہے)

اس کے علاوہ، ایک آجر جو اپنے ملازمین کے لیے ECO کے تحت ECI دلوانے میں ناکام رہتا ہے، اس کے لیے زیادہ سے زیادہ جرمانہ 100000$ ہے اور اسے دو سال قید دی جا سکتی ہے۔

# لیبر ڈیپارٹمنٹ آجران کی قانون کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے سخت نوعیت کے عمل درآمدی اقدامات کرتا ہے



لیبر ڈیپارٹمنٹ کا عملہ




- کام کی جگہ کے معائنے کرتا ہے



- آجران کو تحریری درخواستیں بھیجتا ہے کہ وہ درست ECI پالیسیاں اور متعلقہ دستاویزات معائنے کے لیے پیش کریں
- ECI پالیسیوں کے بارے میں انشورنس کمپنیوں سے استفسارات کرتا ہے



## انفورسمنٹ کیس 1




بانس مچان کے کام کی جگہ کے معائنہ کے بعد، لیبر ڈیپارٹمنٹ کے عملے نے غلط ECI پالیسی کے مشتبہ کیس کا سراغ لگایا۔





لیبر ڈیپارٹمنٹ نے کیس کو تحقیقات کے لیے پولیس کو بھیج دیا۔




بالآخر، ایک شخص کو گرفتار کر لیا گیا، اس پر غلط دستاویز استعمال کرنے کا الزام لگایا گیا اور اسے 120 گھنٹے کے کمیونٹی سروس آرڈر کی سزا دی گئی۔

## انفورسمنٹ کیس 2




کام پر حادثے کے نتیجے میں ایک ملازم زخمی ہو گیا۔




تحقیقات کے بعد، لیبر ڈیپارٹمنٹ نے سراغ لگایا کہ زخمی ملازم کا آجر قانونی تقاضے کے طور پر ملازم کو ECI دلوانے میں ناکام رہا۔ پس، لیبر ڈیپارٹمنٹ نے آجر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی۔




آجر کو ملازم کو ECI دلوانے میں ناکامی کے باعث ECO کی خلاف ورزی کرنے پر چھ ماہ کی فوری قید کی سزا سنائی گئی۔

* مذکورہ بالا اصل کیسز سے لیے گئے ہیں اور صرف حوالہ کے لیے ہیں۔

## انفورسمنٹ کیس 3





* مذکورہ بالا اصل کیسز سے لیا گیا ہے اور صرف حوالہ کے لیے ہے۔



## "ملازمین" اور "آزاد پیشہ افراد" کے درمیان فرق کریں"
## حثیت کو غلط سمجھنا پریشانی کا باعث بن سکتا ہے

### آپ آگاہ رہیں کہ



**ECI**
صرف ملازمین پر لاگو ہوتا ہے

**ٹھیکیدار یا آزاد پیشہ افراد**
کو اپنے طور پر حادثاتی انشورنس کی پالیسیوں کی مناسب کوریج لینے پر غور کرنا ہو گا

ایک ملازم جس کو شبہ ہو کہ اس کے آجر نے ECI نہیں دلوائی ہے یا اس کے پاس درست ECI پالیسی نہیں ہے

- آجر سے ECI کے بارے میں تفصیلات طلب کر سکتا ہے
- اسے جلد از جلد لیبر ڈیپارٹمنٹ کو رپورٹ کرنی چاہیے

**شکایتی ہاٹ لائن: 2815 2200**


## مزید جانیے

ایک ملازم اور ایک ٹھیکیدار یا آزاد پیشہ فرد میں امتیاز کرتے ہوئے، تمام متعلقہ عوامل کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ عام کلیدی عوامل میں شامل ہیں :

- کام کے طریقہ کار پر کنٹرول، کام کا وقت اور طریقہ
- کام کے ساز و سامان، اوزار اور آلات کی ملکیت اور فراہمی
- آیا وہ فرد اپنے اکاؤنٹ پر سرمایہ کاری اور انتظامی ذمہ داریوں کے ساتھ کاروبار کر رہا ہے
- آیا اس فرد کو مناسب طریقے سے آجر کی تنظیم کا حصہ سمجھا جاتا ہے
- آیا وہ فرد کام میں معاونت کے لیے مددگاروں کی خدمات حاصل کرنے کے لیے آزاد ہے
- کاروبار پر مالی خطرے (مثلاً نفع کا کوئی امکان یا نقصان کا خطرہ) کا اثر برداشت کر سکتا ہو
- انشورنس اور ٹیکس میں ذمہ داریاں
- متعلقہ تجارت یا پیشے کا روایتی ڈھانچہ اور طرز عمل
- دیگر عوامل جنہیں عدالت متعلقہ سمجھتی ہو


اس سے پہلے کہ کوئی ملازم اپنی حیثیت کو کسی ٹھیکیدار یا آزاد پیشہ فرد میں تبدیل کرنے پر غور کرے، اسے احتیاط سے اس میں شامل فوائد اور نقصانات کا جائزہ لینا چاہیے، بشمول ملازمت کے حقوق اور فوائد جن کے باعث وہ ایسی تبدیلی سے محروم ہو سکتا ہے۔


اگر بنیادی طور پر آجر اور ملازم کا رشتہ موجود ہو تو، اگرچہ کارکن کو ٹھیکیدار یا آزاد پیشہ کہا جاتا ہو، یا معاہدہ میں اسے آزاد پیشہ فرد کے طور پر لیبل کیا گیا ہو، آجر کو اب بھی متعلقہ قانون سازی کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کی ضرورت ہے کہ وہ اس کارکن کو سابقہ طور پر قانونی فوائد کی ادائیگی کرے جس پر غلط طور پر آزاد پیشہ فرد کا لیبل لگایا گیا ہو۔ مزید برآں، آجر متعلقہ قانون سازی کے تحت مجرمانہ طور پر ذمہ دار ہو سکتا ہے۔



چونکہ ہر معاملے میں اصل حالات مختلف ہوتے ہیں، اس لیے تنازعہ کی صورت میں حتمی تشریح عدالت کرے گی۔

## خطرے کو برداشت کرنے کے لیے ECI کی مناسب کوریج حاصل کریں





### ECI پالیسی

ایک تحریری معاہدہ ہے جو آجر اور انشورنس کمپنی کے مابین ہوتا ہے



### ECI کا مقصد

کام سے متعلقہ چوٹوں اور اموات کی صورت میں ملازمین کو کمپنسیشن کی ادائیگی کے لیے **آجران کے خطرہ کو برداشت کرنا** ہے

## مزید جانیے

### ECI کور جو کہ ایک آجر وصول پاتا ہے

| | ملازمین کی تعداد کہ جن کے لیے پالیسی نافذ العمل ہے | انشورنس کور کی رقم فی وقوعہ |
|---|---|---|
| ECI کور جو کہ ایک آجر کی طرف سے لیا جاتا ہے | 200 سے متجاوز نہیں ہے | $100 ملین سے کم نہیں ہے |
| | 200 سے متجاوز ہے | $200 ملین سے کم نہیں ہے |

### ECI کور جو کہ پرنسپل کانٹریکٹر وصول پاتا ہے

- جہاں ایک پرنسپل کانٹریکٹر نے کوئی تعمیراتی کام انجام دینے کا بیڑا اٹھایا ہو، وہ مرد/عورت رقم کے عوض انشورنس پالیسی لے سکتا ہے جو کہ قوانین کے تحت $200 ملین سے کم نہ ہو یعنی کہ فی وقوعہ تاکہ اس مرد/عورت کی ذمہ داری اور اس مرد/عورت سب-کانٹریکٹر(کانٹریکٹرز) کی ذمہ داری پر محیط ہو (بشمول کامن لاء)۔
- کاموں کے پرنسپل کانٹریکٹر اور اس مرد/عورت کے سب-کانٹریکٹر(کانٹریکٹرز) کو اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کو تحریری طور پر واضح کرنا چاہیے



# ECI کے حوالے سے غلط معلومات فراہم کرنا بدلے میں بھاری ہرجانے کا بوجھ ڈال سکتا ہے




- **ملازمین کے لیے ECI وصول پائیں** اس سے قبل که کام کا آغاز ہو
- **ECI کے حوالے سے کاروائی کسی مجاز انشورنس کمپنی یا لائسنس یافته انشورنس وسیطی ادارے سے کروائیں**

## ECI وصول پاتے وقت انشورنس کمپنی کو درست معلومات فراہم کرنا یاد رکھیں

**پالیسی کی میعاد کی مدت کے دوران ملازمت کی شرائط**

- مثال کے طور پر ملازمین کی کل تعداد، اصل آمدنیاں، پیشے اور متعلقه تفصیلات

**دستاویزی ثبوت**

- مثلاً ملازمین کی تنخواہ کے ریکارڈز / لازمی پراویڈنٹ فنڈ کنٹریبیوشن سٹیٹمنٹس / ٹیکس ریٹرنز اور اکاؤنٹنگ ریکارڈز

**اس بات کو یقینی بنانے کے لیے که انشورنس پالیسی قانون کے تحت آجر کی ذمه داری کو مکمل طور پر پورا کر سکتی ہو**

*اگر آجران نے پیشه ورانه تحفظ اور صحت میں بہتری کے کوئی اقدامات کیے ہوں تو، انہیں ان کی اطلاع انشورنس کمپنیوں کو دینی چاہیے کیونکه ایسا کرنا ان کو خطرے کے تخمینے اور بیمے کی ذمه داری قبول کرنے کے حوالے سے معاونت فراہم کر سکتا ہے۔



ECI کے حصول اور اس کے موثرالعمل ہونے کی میعاد کی مدت، یا حد میعاد کے خاتمہ یا انشورنس پالیسی کے خاتمہ کے وقت، ایک آجر کے لیے یہ کرنا ضروری ہے



- رپورٹ کریں **درکار معلومات** انشورنس کمپنی کو؛ اور
- انشورنس پالیسی کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ پر متوجہ ہوں اور **تحفظ کے کھونے اور قانون کی خلاف ورزی سے بچاؤ کے لیے اس کی پیشگی تجدید کرنے** کے حوالے سے اقدام اٹھائیں جب کہ یہ ایک بار ختم ہو جائے۔

## مزید جانیے

- ECI پالیسی ایک تحریری معاہدہ ہے جو آجر اور انشورنس کمپنی کے درمیان کیا جاتا ہے۔ ECI کا بنیادی مقصد کام سے متعلقہ چوٹوں اور اموات کے لیے ملازمین کے معاوضے کی ادائیگی کے حوالے سے آجران کے خطرے کو بانٹنا ہے۔

- مجاز انشورنس کمپنی کے مندرجین اور لائسنس یافتہ انشورنس وسیطی اداروں تک انشورنس اتھارٹی (Insurance Authority) کی ویب سائٹ کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

- ECI کے حصول کے وقت، آجر کو چاہیے کہ :
  - ✓ احتیاط سے انشورنس پالیسی کی تفصیلات کا معائنہ کرے ، اور حقیقی معلومات اور پالیسی وصول کنندہ کے ذاتی دستخط پروپوزل فارم پر فراہم کریں؛ اور
  - ✓ احتیاط سے انشورنس پالیسی کے مندرجات کا مطالعہ کریں تاکہ اس کی کوریج کو سمجھ سکیں۔

- ملازمت کے حالات میں کسی نمایاں تبدیلی (مثلاً ملازمین کی تعداد، اصل کمائی، کام کی جگہ، پیشے یا عہدوں کی تفصیلات) کی صورت میں، آجر کو جلد از جلد انشورنس کمپنی کو مطلع کرنا چاہیے۔

- آجر انشورنس کمپنی (یا انشورنس وسیطی اداروں) سے براہ راست پوچھ سکتا ہے اگر وہ غیر یقینی کا شکار ہے کہ آیا معلومات کے کسی یا پالیسی کی شرائط کے بارے میں ECI خاص حصے کو ظاہر کرنا ہے، یا پالیسی لینے ECI کوئی سوال ہو، جیسے معلومات / دستاویزات جو کہ / تجدید کرنے کے لیے انشورنس کمپنی (یا انشورنس وسیطی اداروں) کو جمع کرانا چاہیے۔

- پالیسی لینے / تجدید کرنے کے وقت درست تفصیلات کے ECI اگر آجر ساتھ ٹھوس حقائق کی اطلاع دینے میں ناکام رہتا ہے تو، یہ پالیسی کے تحت آجر کو انشورنس کنندہ کی طرف سے پہلے سے ادا کی گئی رقم کی وصولی کے لیے قانونی کارروائی کا موقعہ دے سکتا ہے۔

# آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ
# (Occupational Safety and Health - OSH)
# کے اقدامات کو نافذ کریں تاکہ ECI پر پریمیم ڈسکاؤنٹس سے لطف اندوز ہوا جا سکے

## آجر OSH کی بہتری کے اقدامات کو نافذ کر سکتے ہیں

عملے کو **کام پر تحفظ سے متعلق معلومات، ہدایت، تربیت اور نگرانی** فراہم کی جائے

سیفٹی منیجمنٹ سسٹم وضع اور نافذ کیا جانا چاہیے، جیسا کہ حادثات کے اعادہ سے بچنے، کام سے متعلقہ ہلاکتوں کے اسباب سے نپٹنے کے لیے **بہتری کے اقدامات** کی تدبیر کیا جائے

عملہ کو مختلف آلات اور سہولیات **فراہم** کی جائیں اور **ان کا مناسب استعمال یقینی بنایا جائے**

**مناسب دیکھ بھال** یقینی بنائی جائے

مناسب اور کافی مقدار میں **ساز و سامان اور متعلقہ سہولیات حاصل کی جائیں جو حفاظتی معیارات پر پورا اتریں**




## مزید جانیے

### OSH سٹار انٹرپرائز – مرمت، دیکھ بھال، تبدیلی اور اضافہ سیفٹی ایکریڈایشن سکیم (OSH Star Enterprise - Repair, Maintenance, Alteration and Addition (RMAA) Safety Accreditation Scheme)

آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ کونسل (The Occupational Safety and Health Council - OSHC)، نے لیبر ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے، انشورنس سیکٹر کو ان تحفظ کے متعلق متفکر RMAA مالکان/کانٹریکٹرز کی شناخت میں معاونت فراہم کرنے کی غرض سے "OSH سٹار انٹرپرائز سیفٹی ایکریڈایشن سکیم" کا آغاز کیا ہے تاکہ اہل انٹرپرائزز کو افراد کو پریمیم ریٹ فراہم کرنے پر غور کیا جا سکے جب وہ ایمپلائیز کمپنسیشن انشورنس ریزیڈیول سکیم کے تحت ECI کا حصول کر رہے ہوں۔ یہ پریمیم ڈسکاؤنٹس 50% تک کی حد تک بلند ہو سکتے ہیں۔

### OSH سٹار ریسائیکلنگ انٹرپرائز - ری سائیکلنگ انڈسٹری سیفٹی اینڈ ہیلتھ اینہانسمنٹ سکیم (OSH Star Recycling Enterprise - Recycling Industry Safety and Health Enhancement Scheme)

(The Occupational Safety and Health Council - OSHC) نے OSH سٹار ریسائیکلنگ انٹرپرائز - ری سائیکلنگ انڈسٹری سیفٹی اینڈ ہیلتھ اینہانسمنٹ سکیم " شروع کی ہے تاکہ ری سائیکلنگ کے کام کی حفاظت کے اچھے معیارات اور انڈسٹری میں پائیدار ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ ان آجران کو ری سائیکلنگ فنڈ سے ECI پریمیم چھوٹ (2 سال تک کے لیے پیش کرتا ہے جنھوں نے سکیم کے تحت OSH Star حاصل کیا ہو۔ یہ چھوٹ سالانہ ECI پریمیم کے 60% تک بلند ہو سکتی ہے، بشرط یہ کہ حد تا حد قیمت $70000 فی سال ہو۔


گر آجران ان سکیموں میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو OSHC (ٹیلیفون/2739 9377 : ای میل : (oshc@oshc.org.hk) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اگر ECI کے حصول میں مشکلات پیش آئیں تو کیا کرنا ہو گا؟

ہانگ کانگ میں انشورنس انڈسٹری نے ان آجران کی معاونت کے لیے ایمپلائز کمپنسیشن انشورنس ریزیڈیول سکیم کو بطور آخری حل پیش کر دیا ہے کہ جنہیں ECI کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے

**تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آجران ECI کے حصول کے قابل رہیں**





### مزید جانیے

ECI کے حصول میں دشواری کا سامنا کرنے والے آجران ایمپلائز کمپنسیشن انشورنس ریزیڈیول سکیم بیورو لمیٹڈ (ٹیلیفون: 2591 9316 / ای میل (administrator@ecirsb.com.hk): پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## انشورنس پالیسی کا جائزہ لینے کا طریقہ سیکھیں ECI کے متعلق ہوشیار رہیں

ECI پالیسی کا جائزہ لیتے وقت، اس بات کو یقینی بنائیں کہ پالیسی کی طرف سے **تمام ملازمین کا احاطہ کیا گیا ہو** اور **مندرجہ ذیل تفصیلات پر توجہ دی جائے**

- ECI پالیسی کی قسم کے طور پر بیان کی جانی چاہیے
- انشورنس شدہ کمپنی کا نام
- انشورنس پالیسی کی میعاد کی مدت
- کام کی نوعیت اور/یا کاروبار
- (کام کی جگہیں /مقامات کا احاطہ کیا گیا ہے (اگر قابل اطلاق ہو
- ملازمین کی اصل آمدنیاں
- انشورنس شدہ ملازمین کی تعداد
- پیشوں کا احاطہ کیا گیا ہو
- مستثنیات
- ضمانت



# XX انشورنس کمپنی لمیٹڈ
## شیڈول

پالیسی نمبر : CBDDAS/18/1

تاریخ : 15 جنوری 2021

انشورنس کی قسم : ملازمین کی کمپنسیشن انشورنس

انشورنس شدہ نام : **XX ٹریڈنگ کمپنی لمیٹڈ**

انشورنس کی مدت : 1 فروری 2021 تا 31 جنوری 2022

کاروبار : تجارت

جائے ملازمت : 1) **ECI, 21/F بلڈنگ، ہانگ کانگ**
: 2) ہانگ کانگ کے اندر کہیں بھی


ذمہ داری کی حد : کسی ایک کلیم یا کلیمز کے سلسلے میں HK$100 ملین جو کہ کسی ایک واقعہ کے نتیجے میں وقوع پذیر ہو

انشورنس شدہ ملازمین :

| ملازمین کی تفصیل | ملازمین کی تعداد | ویج رول |
|---|---|---|
| ڈائریکٹر | 2 | HK$967,200.00 |
| منیجر | 2 | HK$561,600.00 |
| اسسٹنٹ | 1 | HK$249,600.00 |
| بزنس پارٹنر (نان-مینوئل کام کاج) | 1 | HK$400,000.00 |

حالت اور وارنٹی : 1) غیر معمولی موسم کی شق
: 2) کھانے اور دوپہر کے کھانے کے وقت کی شق

برائے اور منجانب
**XX انشورنس کمپنی لمیٹڈ**



*ECI پالیسی شیڈول محض حوالہ کے لیے ہے۔ کوئی بھی مماثلت مکمل طور پر اتفاقیہ ہے۔



## مزید جانیے

◄ آجران کو متعلقہ انشورنس پالیسیوں کی طرف سے قابل برداشت اور تحفظ کے سکوپ پر توجہ دینا ضروری ہے، اور اس کے ساتھ ان شرائط پر توجہ دینے کی ضرورت ہے جو کہ انشورنس کمپنیوں کی طرف سے منسلک ہوتی ہیں؛


◄ ECI پالیسیاں لینے یا پالیسی شرائط سے متعلق کسی بھی طرح کے استفسارات کے لیے، براہ مہربانی اپنی انشورنس کمپنیوں (یا انشورنس وسیطی اداروں) سے براہ راست مشاورت کریں؛

◄ ،اگر اس کا تعلق تعمیراتی کاموں سے ہے تو

✓ انشورنس شدہ کمپنی کا نام انشورنس پالیسی پر وہی ہونا چاہیے جو کہ کام کی ذمہ دار ہو (اگر ایسا نہ ہو تو، یہ بتایا جائے کہ دو کمپنیوں کا باہمی تعلق کیا ہے اور آیا کمپنی کے ملازمین اس میں کور کیے گئے ہیں جو ;(کہ کاموں پر مامور ہیں

✓ کام کرنے کی مدت انشورنس پالیسی کی میعاد کے اندر ہونی چاہیے؛ اور

✓ پالیسیوں کے ساتھ ECI مالکان/پراپرٹی مینجمنٹ کمپنیوں کو درست کانٹریکٹرز/کمپنیوں کی خدمات کا استعمال کرنا چاہیے۔ کام شروع کرنے سے پہلے، مالکان/پراپرٹی مینجمنٹ کمپنیاں کانٹریکٹرز/کمپنیوں اور فریق ثالث ECI سے درخواست کر سکتی ہیں کہ وہ درست کی انشورنس پالیسیاں پیش کریں تاکہ حادثے کی صورت میں کمپنسیشن کی رقم قابل برداشت سطح پر لانے کے لیے کم از کم کی جا سکے۔



## ملازمین کے کمپنسیشن (Employees’ Compensation - EC) کے تنازعات مقدمہ بازی کے ذریعے یا کہ ثالثی کے ذریعے حل کیے جائیں؟

**لیبر ڈیپارٹمنٹ ECO کے تحت کمپنسیشن حاصل کرنے کے لیے ایسے ملازمین کی مدد کرتا ہے جو کام کے دوران لگنے والی چوٹوں یا تجویز کردہ پیشہ ورانہ بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں**



تنازعہ کی صورت میں



لیبر ڈیپارٹمنٹ آجر اور ملازم کی معاونت کر سکتا ہے کہ وہ EC تنازعات کو حل کریں



اگر آجر اور ملازم کسی تصفیے تک نہیں پہنچ سکتے ہیں تو، کیس کا تعین عدالت کی طرف سے کیا جائے گا

### مزید جانیے

**EC کے تنازعات کو نمٹانے میں وقت لگتا ہے، جیسا کہ متعلقہ معلومات اور طبی رپورٹس کی جمع آوری، وغیرہ اور اس کا انحصار انفرادی کیس کی کیفیت پر ہے۔ ECO لیبر ڈیپارٹمنٹ کو EC کیس یا EC کیس سے پیدا ہونے والے مسائل پر فیصلہ کرنے کے لیے بااختیار نہیں بناتی ہے۔ لہذا، اگر آجر اور ملازم لیبر ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے کسی معائدہ برائے تصفیہ تک نہیں پہنچ سکتے ہیں تو، اس EC تنازعہ کا تعین عدالت کی طرف سے کیا جائے گا.**

**ECO تنازعات کے حل EC طریقہ ہائے کار کے آغاز کے بعد، اگر آجر اور ملازم کے لیے متبادل طریقے اختیار کرنا چاہیں گے تو، وہ تنازعہ کو حل کرنے کے لیے اور وقت اور قانونی اخراجات سے بچنے کے لیے ثالثی کی کوشش کر سکتے ہیں، اور یوں وہ عدالتی طریقہ ہائے کار کے باعث اٹھنے والے مقدمہ بازی کے خطرات سے بچ سکتے ہیں، کسی تنازعہ پر فیصلہ کیے بغیر، پیشہ ور ثالثین فریقین کو تنازعہ کے مسائل کی نشان دہی کرنے، حق انتخاب تلاش کرنے، ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کرنے اور تنازعہ کے حل کے حوالے سے معاہدے تک پہنچنے میں مدد کریں گے۔مزید برآں، ثالثی ایک خفیہ عمل ہے اور ثالثی کی نشست میں بتائی گئی تمام معلومات کو کسی تیسرے فریق پر ظاہر نہیں کیا جائے گا الا یہ کہ رضامندی کے ساتھ ایسا کیا جائے یا یہ قانون کا تقاضا ہو۔**

**ثالثی کے متعلق مزید جاننے کے لیے، براہ مہربانی جسٹس ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ پر "قانونی اور تنازعات کے حل کی خدمات" کا صفحہ دیکھیں (www.doj.gov.hk/en/legal_dispute/mediation.html):**

## استفسارات/رپورٹیں

براہ مہربانی ECI پالیسیاں لینے یا پالیسی کی شرائط کے بارے میں کسی بھی طرح کے استفسارات کے لیے براہِ راست اپنی انشورنس کمپنیوں (یا انشورنس وسیطی اداروں) سے رجوع کریں۔ اس پمفلٹ کے مواد سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی مزید معلومات کی غرض سے ذیل میں درج متعلقہ محکمہ جات/ادارے(اداروں) سے رابطہ کریں۔

**لیبر ڈیپارٹمنٹ (Labour Department)**
ویب سائٹ : www.labour.gov.hk
انکوائری ہاٹ لائن: 2717 1771 ("1823" کے زیر تصرف)

**آجران کی قانونی ECI تقاضا جات کی عدم تعمیل کی اطلاع دینے کے لیے شکایتی ہاٹ لائن: 2815 2200**
**غیر محفوظ طریقوں کی اطلاع دینے کے لیے OSH شکایت کی ہاٹ لائن * : 2542 2172**

**انشورنس اتھارٹی (Insurance Authority)**
ویب سائٹ : www.ia.org.hk
ٹیلی فون: 3899 9983

**دی ہانگ کانگ فیڈریشن آف انشوررز**
**(The Hong Kong Federation of Insurers)**
ویب سائٹ : www.hkfi.org.hk
ٹیلی فون : 2520 1868

**دی ایمپلائیز کمپنسیشن انشورنس ریزیڈیول سکیم بیورو لمیٹڈ**
**(The Employees' Compensation Insurance Residual Scheme Bureau Limited)**
ویب سائٹ : www.ecirsb.com.hk
ٹیلی فون : 2591 9316

**آکوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ کونسل**
**(Occupational Safety and Health Council)**
ویب سائٹ : www.oshc.org.hk
ٹیلی فون : 2739 9377

ECI کے حصول سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی انشورنس اتھارٹی اور لیبر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مشترکہ طور پر تیار کردہ کتابچہ "ملازمین کے کمپنسیشن انشورنس کے حصول سے متعلق مزید جانیں" سے رجوع کریں۔

* عامة الناس غیر محفوظ OSH سرگرمیوں کی رپورٹ OSH شکایتی فارم پُر کر کے بھی کر سکتے ہیں جو کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ یا GovHK (https://eform.one.gov.hk/form/ld0001/en/) پر دستیاب ہے۔

اس کتابچہ کی معلومات شائع ہونے کے وقت تک موثر العمل ہیں
©2021 لیبر ڈیپارٹمنٹ، HKSAR حکومت
تصاویر از Old Master Q ©2021 OMQ ZMEDIA LTD.

جون 2021

(Urdu version)